رہبر معظم کا آیت اللہ مشکینی کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 30 /Jul/ 2007

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے عالم مجاہد آیت اللہ مشکینی کی رحلت پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔
پیغام کا متن حسب ذیل ہے:
بسم اللہ الرحمن الرحیم
ان للہ و ان الیہ راجعون
علم و عمل اور زہدو تقوی کے پیکر فقیہ مجاہد حضرت آیت اللہ حاج آقای میرزا علی مشکینی اعلی اللہ مقامہ کی رحلت کی دردناک خبر سنکر شدید صدمہ اور دکھ پہنچاہے آیت اللہ مشکینی کا شمار نادر علماء میں ہوتا ہے مرحوم نے اپنی پر برکت زندگي میں دین اور قوم کي گرانقدر خدمات انجام دیں اورمختلف مراحل میں حوزات علمیہ اور مؤمن عوام کے لئے بے شمار خدمات اور برکتوں کا سرچشمہ اوراپنے شاگردوں اور عقیدتمندوں کے لئے اخلاق کے میدان میں عملي نمونہ تھے ستم شاہی کے دور میں وہ تحریک اسلامی کے صف اول کے رہنماؤں کےشانہ بشانہ رہے اور جمہوری اسلامی کے دور میں ان کا شمار ان حقیقی مجاہدوں میں ہوتا تھا جو معلم اخلاص اور زہد وتقوی کے آئینہ دار تھےان کے شیریں و مؤثر بیان سے ان کا عمل اور کردار کہیں زیادہ تھا وہ حق پرست ، حق گو اورداعی حق تھےجمہوري اسلامي ایران کے نظام حکومت میں آیت اللہ مشکیني کا بلند عہدہ اور خبرگان کونسل کي سربراہي ان کي فروتني ، انکساري ،تواضع اور پرہیز گاری و زہد سے مملو زندگي پر معمولي سا اثر بھي نہ ڈال سکي انھوں نے اپني پاک خصلت اور زہد و تقوي کے ذریعہ خبرگان کونسل میں اہم اور تاریخي کردار ادا کیا جس سے بزرگ علماء اور اساتید کے نزدیک ان کے اہم مقام و مرتبہ کا پتہ چلتا ہے مرحوم علم و عمل اور جہاد و زہد اور تشخیص و سلوک کے میدان میں درست راستے پر گامزن تھے اس جلیل القدر عالم ربانی کی رحلت ایک عظیم سانحہ ہے خداوند متعال ان کو بلند درجات عطا کرے اور ان کی روح پر اپنی رحمت و مغفرت نازل فرمائے ـمیں حوزات علمیہ ، مراجع عظام ،علماء و فضلاء ، مرحوم کے شاگردوں اوورارادتمندوں خاص طور پر ان کے لواحقین کو اس دردناک حادثے پر تعزیت پیش کرتا ہوں ۔
والسلام علیہ و رحمۃ اللہ و برکاتہ ۔
سید علی خامنہ ای
8/ مرداد/ 1386
مطابق
30 /جولائی/2007